This question paper contains **4** printed pages]

A—457—2018

FACULTY OF HUMANITIES

B.A. (Second Year) (Third Semester) EXAMINATION

OCTOBER/NOVEMBER, 2018

(New Course)

URDU (Optional)

Paper–VI

(Marsiya Aur Rubai)

(Monday, 26-11-2018) **Time : 2.00 p.m. to 4.00 p.m.**

Time—2 Hours *Maximum Marks*—40

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں :

۱۔ درج ذیل میں سے کوئی دو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے : 10

(۱) ہو گیا نقش دل پہ جو لکھا — قلم اس کا تھا اور اس کی دوات

تھیں تو دلی میں اس کی باتیں تھیں — لے چلیں اب وطن کو کیا سوغات

اس کے مرنے سے مر گئی دلی — خواجہ نوشہ تھا اور شہر برات

یہاں اگر بزم تھی تو اس کی بزم — یاں اگر ذات تھی تو اس کی ذات

ایک روشن دماغ تھا نہ رہا

شہر میں اک چراغ تھا نہ رہا

P.T.O.

08A7979F15AC5831CD1C3A94D52CE1F2

(۲) اس بزم میں آکے جانے والا — پھر جا کے ادھر نہ آنے والا
کھوٹوں کو کھری سنانے والا — اے قوم ! ترا جگانے والا
خاموش لحد میں سو رہا ہے
اور اس کو زمانہ رو رہا ہے

(۳) بلبل ہند مر گیا، ہیہات — جس کی تھی بات بات میں ایک بات
نکتہ داں، نکتہ سخن، نکتہ شناس — پاک دل، پاک ذات، پاک صفات
شیخ اور بدلہ سنج، شوخ مزاج — رند اور مرجع کرام و ثقات
لاکھ مضمون اور اس کا یک ٹھٹھول — سو تکلف اور اس کی سیدھی بات
دل میں چھپتا تھا وہ اگر بمغل
دن کو کہتا تھا دن اور رات کو رات

(۴) ختم اس پہ تھی واقعہ نگاری
تھا نظم میں لطفِ نثر عاری
ہر گوشہ میں فیض اس کا جاری
پر کشت رہین آبیاری
اندوہ رُبا نشاطِ امید
فرحت افزا، حیاتِ جاوید

۲۔ مرثیہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجیے: 10

یا

میر انیسؔ کی مرثیہ نگاری کے امتیازی اوصاف بیان کیجیے۔

۳۔ اردو رباعی کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔ 5

۴۔ کسی ایک شاعر پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے: 5

(۱) امجدؔ حیدر آبادی

(۲) اکبرؔ الٰہ آبادی

(۳) فراقؔ گورکھپوری

۵۔ درج ذیل معروضی سوالات کا بغور مطالعہ کیجیے اور ان کے نیچے دیئے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) اردو رباعی میں سب سے اونچا مقام کسے حاصل ہے؟

(A) اکبرؔ الٰہ آبادی (B) جوشؔ ملیح آبادی

(C) جاں نثار اخترؔ (D) امجدؔ حیدر آبادی

(۲) ''رجز'' کس صنفِ سخن کا جز ہے؟

(A) غزل (B) مثنوی

(C) رباعی (D) مرثیہ

(۳) طنز و مزاح کس کی رُباعی گوئی کی سب سے نمایاں خوبی ہے؟

(A) امجدؔ حیدر آبادی (B) رواںؔ

(C) اکبر الٰہ آبادی (D) جوشؔ

(۴) اردو مرثیہ نگاری میں سب سے نمایاں مقام کس شاعر کو حاصل ہے؟

(A) میر انیسؔ (B) مرزا دبیرؔ

(C) حالیؔ (D) جوشؔ

P.T.O.

08A7979F15AC5831CD1C3A94D52CE1F2

(۵) رواںؔ کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) بھگت موہن لال (B) جگت موہن لال

(C) انگت موہن لال (D) رنگت موہن لال

(۶) میر انیسؔ کس شہر میں پیدا ہوئے ؟

(A) فیض آباد (B) دِلّی

(C) کلکتہ (D) اکبرآباد

(۷) مرزا دبیرؔ کا پورا نام کیا ہے ؟

(A) مرزا سلامت علی (B) مرزا ریاست علی

(C) مرزا شفاعت علی (D) مرزا کرامت علی

(۸) جاں نثار اخترؔ کی وفات کس سن میں ہوئی ؟

(A) ۱۹۷۰ (B) ۱۹۶۰

(C) ۱۹۸۶ (D) ۱۹۷۶

(۹) ذیل میں سے کس شاعر کو ’’گیان پیٹھ‘‘ سے نوازا گیا ہے ؟

(A) اکبرؔ الہ آبادی (B) جاں نثار اخترؔ

(C) فراقؔ گورکھپوری (D) امجدؔ حیدرآبادی

(۱۰) ’’مرثیہ غالب‘‘ کس نے لکھا ؟

(A) غالبؔ (B) جوشؔ

(C) فراقؔ (D) حالیؔ

08A7979F15AC5831CD1C3A94D52CE1F2